پرائم منسٹر نیشنل ہیلتھ پروگرام

# پاکستان صحت کارڈ

## صحت سب کیلئے




## ہیلپ لائن

کسی بھی قسم کی معلومات اور رہنمائی کیلئے ٹول فری نمبر پر رابطہ کریں۔

**0800-09009**

اسٹیٹ لائف
انشورنس کارپوریشن آف پاکستان

اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر-9، بلند مرکز،
ہیلتھ پراجیکٹ آفس، دوسری منزل، اسلام آباد

manhattan

## پرائم منسٹر نیشنل ہیلتھ پروگرام کے نامزد ہسپتال


### ثانوی علاج کے ہسپتال

| نمبر | ہسپتال کے نام | پتہ | فون نمبر |
|---|---|---|---|
| 1 | راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہسپتال | لہترار روڈ، کھنہ ڈھک، اسلام آباد | 051-2617381-3 |
| 2 | النفیس میڈیکل کالج اینڈ ہسپتال | فراش ٹاؤن، لہترار روڈ، اسلام آباد | 051-8439901-10<br>0300-7188871 |
| 3 | لائف کیئر ہسپتال، اسلام آباد | مین ڈبل روڈ، G-10 مرکز، اسلام آباد | 051-2355994-5 |
| 4 | بیگم جان ہسپتال، اسلام آباد | مین لہترار روڈ، علی پور فراش، اسلام آباد | 051-2561724 |
| 5 | نصرت ہسپتال | مین پشاور روڈ، راولپنڈی | 051-5490680 |

### صرف ریفرل ہسپتال

| نمبر | ہسپتال کے نام | پتہ | فون نمبر |
|---|---|---|---|
| 1 | شفاء انٹرنیشنل ہسپتال | پطرس بخاری روڈ، سیکٹر H/8-4، اسلام آباد | 051-8463666<br>051-4863200 |
| 2 | راولپنڈی انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی | راول روڈ، راولپنڈی | 051-281111-2 |
| 3 | پاکستان انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز | ابن سینا روڈ، سیکٹر G-8/3، اسلام آباد | 051-9260500 |

**ہیلپ لائن:**
کسی بھی قسم کی معلومات اور رہنمائی کیلئے ٹول فری نمبر 0800-09009 پر رابطہ کریں۔



## اکثر پوچھے جانے والے سوالات

- **پرائم منسٹر نیشنل ہیلتھ پروگرام میں کون سے لوگ شامل ہیں؟**
  اس پروگرام میں وہ تمام افراد شامل ہیں جن کا تعین بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت ہونے والے غربت کے سروے میں کیا گیا ہے۔
- **مجھے کیسے پتہ چلے گا کہ مجھے ہسپتال میں داخل ہونا چاہیے؟**
  کسی بھی جسمانی تکلیف میں قریبی ڈاکٹر سے رجوع کریں، وہ آپ کا معائنہ کرنے کے بعد آپ کو آگاہ کریگا کہ بیماری کی نوعیت کیا ہے اور آپ کو ہسپتال میں داخلے کی ضرورت ہے یا نہیں۔
- **کون کون سی بیماریوں میں پاکستان صحت کارڈ استعمال کیا جا سکتا ہے؟**
  ایسی بیماریاں جن میں ہسپتال میں داخل ہونا پڑے بشمول زچگی۔
- **میں ہسپتال میں کتنی مرتبہ کارڈ استعمال کر سکتا ہوں؟**
  ہر کارڈ میں ایک خاندان کیلئے -/50,000 روپے تک کا ثانوی علاج اور -/250,000 روپے تک کا ترتیجی علاج کروانے کی سہولت ہے۔ جب تک یہ رقم موجود ہے آپ علاج کیلئے استعمال کر سکتے ہیں۔
- **کیا رجسٹرڈ خاندان میں پیدا ہونے والے بچے کو بھی پاکستان صحت کارڈ کی سہولت حاصل ہوگی؟**
  جی ہاں رجسٹرڈ خاندان میں پیدا ہونے والے بچے کو بھی پاکستان صحت کارڈ کی سہولت حاصل ہوگی بشرطیکہ اس کی پیدائش منتخب کردہ ہسپتال میں ہو۔
- **اگر کوئی کارڈ استعمال نہ کرے تو کیا اس کو کوئی رقم ادا کی جائے گی؟**
  پاکستان صحت کارڈ صرف اور صرف ہسپتال میں داخلی علاج کیلئے ہے۔ اس کو استعمال نہ کرنے کی صورت میں کسی بھی قسم کی رقم کی ادائیگی نہیں ہوگی۔
- **کیا مجھے ہسپتال آنے جانے کیلئے کسی قسم کی ٹرانسپورٹ مہیا کی جائے گی؟**
  ہسپتال میں داخلی علاج کی صورت میں مریض کو کرایہ کی مد میں -/350 روپے ادا کئے جائیں گے۔ جو کہ سال میں زیادہ سے زیادہ تین مرتبہ ادا کئے جائیں گے۔

